Women Development Department

# AURAT BA IKHTYAAR

EDITION 07

## PAKISTAN'S FIRST WOMEN'S DIGITAL MAGAZINE




www.wdd.punjab.gov.pk

# Table of Contents


1. Foreword by Secretary Women Development Department
2. Editor's Message
3. Interview of Secretary, Auqaf, Zakat & Usher Department
4. Punjab Working Women Endowment Fund (PWWEF) Society
5. The Enforcement of Women's Property Rights in Punjab
6. Women Development Department's Gender Mainstreaming Program (2021-22)
7. Violence against Women in Punjab during Covid-19
8. Events of Women Development Department
9. Gender Parity Report (2019-2020) Launch

# FOREWORD

The 7th edition of the digital magazine highlights the valuable steps taken by the Women Development Department and other departments for the betterment of the women in Punjab.

This magazine is a tool for the sensitization of women about pro-women initiatives of the Government of Punjab. It updates the readers about the steps taken by the Government for the social and economic uplift of the women of Punjab.

The magazine depicts serious efforts undertaken by the Government of Punjab to protect women's rights. It contains useful information on women's social and economic mobility.

This edition presents a brief account of the trainings of various departments on gender mainstreaming, planning, and budgeting, the launch of Punjab Gender Parity Report 2019-20.

“Aurat Ba Ikhtiyar” is a magazine dedicated to the struggle for the betterment of women in all walks of life. Through this magazine, the department endeavors to promote gender equality and women empowerment.



**SUMAIRA SAMAD**
Secretary
Women Development Department
Government of the Punjab

# EDITOR'S MESSAGE

I would like to congratulate my passionate team on launching the 7th edition of the digital magazine for women. This magazine provides valuable information about the advancement of women in Punjab. This edition focuses on various pro-women initiatives taken by different government sectors and other stakeholders to empower women and stamp out gender-based discrimination in all aspects of life.

Creating a supportive environment for the development of women is imperative for a vibrant and growing society, where women can demonstrate their potential and exercise their rights. In this regard, Women Development Department plays a vital role in addressing women's rights and gender-based violence issues. The department endeavors to empower women at the gross level by maintaining a liaison with various national and international organizations/NGOs which are working towards developing women across the province of Punjab. Moreover, the Women Development Department strongly encourages support for the development of civil societies, including NGOs and other stakeholders, to further the cause of women's development and gender mainstreaming. The combined efforts of the various organizations for uplifting the status of women have been presented in the 7th edition of this digital magazine.

To conclude, I would like to say that my department is always prepared to support and facilitate all departments and agencies to uplift women's status. We look forward to effective feedback for improving the quality and utility of this digital magazine.

**KAUKAB NAZIR**
Additional Secretary
Women Development Department
Government of the Punjab

# INTERVIEW OF SECRETARY, AUQAF & RELIGIOUS AFFAIRS DEPARTMENT

**Dr. Ahmad Afnan**



Auqaf & Religious Affairs Department is a self-generating department established in 1959. The department controls and manages 546 shrines, 437 Mosques, and 74,964 acres of total notified waqf land. Auqaf Department is responsible for religious harmony and maintaining notable religious premises in Punjab. The administrative head of this department is Secretary Auqaf and Religious Welfare Department.

Interview of the Ex-Secretary, Dr. Ahmad Afnan, was conducted on 21-12-2021. He belongs to Provincial Management Service and has been entrusted with the additional charge of Auqaf and Religious Affairs Department. Women Development Department delegation called on the then Secretary Auqaf and Religious Affairs in his office and interviewed him. He briefed the team about the steps taken by the department for the welfare of women.

Details of this meeting are as follows:

**Q1. What are the major initiatives taken by Auqaf & Religious Affairs Department to uplift the status of women and provide an update on upcoming projects?**

**Ans**: Auqaf & Religious Affairs Department has taken many initiatives to uplift the status of women in the light of teachings of Islam, Prime Minister's vision, and directions received from Govt. of Punjab.

- Establishment of Day Care Centre.
- Implementation of 15% quota in the recruitment process.
- 33% participation of women in committees.
- Separate washrooms for female staff.

**Q2. How many institutions are being operated and what are their functions under the supervision of the Auqaf & Religious Affairs Department?**

**Ans:** Punjab Auqaf Organization, Punjab Quran Board, Punjab Institute of Quran & Seerat Studies, and Muttahida Ulema Board are being operated under the supervision of Auqaf & Religious Affairs Department. The control, management, and administration of Shrines and Masajids/ Madaris and Imam Bargahas under the Auqaf & Religious Affairs Department is being done by Punjab Auqaf Organization. Punjab Quran Board is an institution to manage the printing of Quran e Pak without mistakes. For publication, NOC is issued to the publishers for the task. Mutahida Ulema Board is working for interfaith harmony among different sects of Islam. During the month of Moharram, Ulema visit all over Punjab to avoid any untoward situation incident among Muslims.

**Q3. What facilities are being provided in mosques and shrines and are there any special/specific facilities that exist for women?**

**Ans:** Auqaf & Religious Affairs Department is trying its best to facilitate prayers and Zaireens within its financial resources. Masajids and Shrines have been electrified. Auqaf & Religious Affairs Department provided clean drinking water, Wazoo places (separate for males and females at shrines). Separate sitting places have been allocated for the women Zaireens at the shrines. Male and female security guards have been deputed for the foolproof security of the Zaireens. Panah Gah (Shelter Home) at the shrine of Hazrat Baba

Farid-ud-Din Gunj Shakar (RA) has been established for Zaireens. First aid facility has also been provided at major shrines through 16 Dispensaries.

**Q4. What is the role of the Department in integrating gender equality and women's empowerment?**

**Ans:** As per the vision of the Prime Minister, there is no gender inequality in Auqaf Organization. The female staff has been provided equal rights.

**Q5. Gender mainstreaming is cross-cutting. How can the department be requested to include religious scholars to play their vital role in taking some practical steps regarding Gender mainstreaming?**

**Ans:** Ulema/Imam Khutba have been directed to give sermons before Jumma Prayer regarding the right of women in Islam to educate the masses.

**Q6. Do you think the concerned department should take a special/specific measure to provide food/Langer through funds and donations to the poor and destitute?**

**Ans:** At major shrines, Auqaf & Religious Affairs Department is providing Langer with its own financial resources. With the help of rich/donors, Langer at 154 Shrines on a daily, weekly, and monthly basis has been arranged.



**Q7. What are the major problems of the department and their solution in your view?**

**Ans:** Auqaf & Religious Affairs Department is facing many issues which are a core hindrance for the development/provision of services to the Zaireens. Some issues are: -

a. Retrieval of 6320 acres of agricultural land attached to Darbar Hazrat Shah Sadiq Nehang Shorkot.
b. Demarcation of 3200 acres of land attached to Darbar Hazrat Sakhi Sarwar (RA), DG Khan.
c. Formulation of Commercial Policy to lease Auqaf lands having commercial potential.

Despite issues, Auqaf & Religious Affairs Department has many achievements.

i. Publishing of the first authentic/verified record of Auqaf lands in the form of a directory.
ii. Assessment of rent on prevailing market rent and its Implementation.
iii. Retrieval of 2700 Acres encroached Auqaf land with cooperation of Anti-Corruption Establishment.
iv. Lease of agricultural lands on prevalent area rate assessed by DC concerned.
v. Initiation of project "Asset Management through Geo-Mapping of Auqaf Properties."
vi. Framing of "Punjab Waqf Properties (Registration) Rules, 2020" for registration of each waqf property situated in Punjab.

Auqaf & Religious Affairs Department is providing medical facilities of Gynaecology, Dental, Eye and pathological lab in Data Darbar Hospital, Lahore situated near Shrine of Hazrat Data Gunj Bukhsh (RA), for poor and needy people of the vicinity.

Many development schemes of construction and renovations at Shrines/Masajid have been going on funded by Punjab Auqaf Organization and Auqaf & Religious Affairs Department, Govt. of Punjab for the financial year 2021-22, including up-gradation and Development of the Shrine of Bibi Pak Daman, Lahore, provision of facilities for Zaireen at Shrine Hazrat Baba Farid-ud-Din, Pakpattan Sharif, conservation/restoration of Shrine Hazrat Naulakh Hazari Shah Kot, District Nankana Sahib and the completion of Shrine Hazrat Muhammad Pannah Kameer, Sahiwal, etc.

# PUNJAB WORKING WOMEN ENDOWMENT FUND (PWWEF) SOCIETY OF DIRECTORATE OF WOMEN DEVELOPMENT

**Muhammad Shahzad GMS / Manager PWWEF Society**

Punjab Working Women Endowment Fund (PWWEF) Society, established by the Directorate of Women Development under the Women Development Department (WDD) in the Government of Punjab was registered under the “Societies Registration Act XXI of 1860” on 28-09-2016. The Society is tasked to research and enlist the existing Working Women Hostels (WWH) operating in the private sector according to minimum public health and safety standards to facilitate working women. Management Body is the authorized forum regarding decisions about PWWEF Society. The objectives of the Society are as follows:

1. Develop a mechanism for skill development focusing upon the socio-economic & financial inclusion of the urban & rural women, including specially-abled women of Punjab.
2. Funding studies on a need basis to fulfill the purpose and functions of the Society.
3. Conduct trainings and workshops of urban and rural women on need basis.
4. PWWEF Society may enter into agreements with public/private sector organizations, and non-government organizations to provide essential support for new or ongoing projects on a “co-finance basis.”
5. Funding either fully or partially for construction and up-gradation of a new and existing WWH of the WDD.

Sponsoring creation of monitoring mechanism for WWHs of WDD.

As of now, PWWEF Society has spent Rs. 1.6 million for the provision of missing facilities for 16 Working Women Hostels of Directorate of Women Development in Punjab. PWWEF Society aims to initiate some visible, valuable steps for the economic and social betterment of the women living in Punjab. PWWEF Society will conduct trainings for socio-economic development of women in collaboration with relevant skill development institutes in Punjab.

## Pictures of 15th Meeting of Management Body of Punjab Working Women Endowment Fund (PWWEF) Society







# ENFORCEMENT OF WOMEN'S PROPERTY RIGHTS IN PUNJAB



According to the 1973 Constitution of Pakistan, Article 23:

**"Every citizen shall have the right to acquire, hold and dispose of the property in any part of Pakistan, subject to the Constitution and any reasonable restrictions imposed by law in the public interest."**

Pakistan, being an Islamic country, follows Islamic Inheritance Jurisprudence, particularly regarding inheritance matters. According to Sharia, the legal heirs and blood relations have a right to inherit from the ancestor's property or a relative after their death. Chapter 04 of the Quran, Surah An-Nisa, narrates the appropriate method to determine the share in inheritance. According to the Section 498-A of the Prevention of Anti-Women Practices Act, 2011 (Criminal Law Amendment):

**"Depriving women of inheriting property by deceitful or illegal means shall be punished with imprisonment which may extend to a time period of ten years but not less than five years. The convicted person may be fined of one million rupees and imprisoned at the same time."**

A survey conducted in January 2017, released during a press release by a non-governmental organization, AGHS legal aid cell, revealed that 80 percent of women

reported not getting their legal share in inheritance. The practice of acquiring property rights for women in Pakistan is not effortless despite the constitutional law claiming otherwise. In such a situation, the Punjab Government has taken a step forward to protect and secure women's property rights in the shape of **"THE PUNJAB ENFORCEMENT OF WOMEN'S PROPERTY RIGHTS ACT, 2021".** The Act repealed the Punjab Enforcement of Women's Rights in Property Ordinance, 2019. The Act provides due respect to the women in society and guarantees their rights of ownership and possession of properties, ensuring that such rights are not violated by coercion, fraud, fabrication, forgery, and cheating. The Punjab Enforcement of Wo men's Property Rights Act, 2021 gives an effective and speedy redressal mechanism to protect and secure the rights of ownership of women in property.

Under the Act, any woman deprived of ownership of property and possession of her property may file a complaint to the Ombudsperson appointed under Section 7 of the Punjab Protection against Harassment of Women at Workplace A ct 2010. After filing of the complaint, the Ombudsperson goes through the complaint and may if deemed fit, refer the matter to Deputy Commissioner of the district concerned for further investigation. The Deputy Commissioner will conduct the summary inquiry and submit the report to Ombudsperson within fifteen (15) days. After con sulting the report of the concerned Deputy Commissioner and the conclusion of finding his inquiry, the Ombudsperson shall seek the objections from the complainant and his/her adversaries, giving time to file objections, and complete hearing preferably within sixty (60) days. After the proceedings, if Ombuds person feels that the woman was deprived of property illegally, she would direct the Deputy Commissioner to take action and submit a compliance report to the Ombudsperson office within seven (07) days. The Ombudsperson may direct any state functionaries, including the relevant Deputy Commissioner, where the complainant's property is situated, to execute orders in letter and spirit. No court/other authority can challenge the validity of order and Act of the Ombudsperson. The Ombudsperson, if thinks fit, may direct the officer-in-charge of a police station for assistance as may be required for implementing the orders regarding rights of women property.

# WOMEN DEVELOPMENT DEPARTMENT'S GENDER MAINSTREAMING PROGRAM (2021-23)

In the Financial year (FY) 2021-22, the Women Development Department initiated the Gender Mainstreaming Program, an Annual Development Scheme which aims to integrate gender concepts and mainstream women's participation in all stages and levels of policies, programs, and projects, with an overall objective to contribute towards women's empowerment and gender equality.

A major component of this project is the capacity-building of Government officials in Punjab through trainings to encourage the application of gender mainstreaming concepts in designing, implementing, and evaluating projects, policies, and programs. Training seminars also cover additional modules of Gender-based Budgeting and Planning.

Under this ADP Scheme, trainings commenced in November 2021 and will continue throughout the financial year. By May 2022, representatives of the following Departments had received training on gender mainstreaming, planning, and budgeting:



1. Punjab Safe Cities Authority
2. Special Education Department
3. Punjab Social Protection Authority (PSPA)
4. PESSI (Punjab Employees' Social Security Institution)
5. Higher Education Department
6. Social Welfare and Bait-ul-Maal Department
7. Agriculture Department
8. Population Welfare Department
9. Industries, Commerce and Investment Department (TEVTA)
10. Primary and Secondary Healthcare Department
11. Livestock & Dairy Development Department
12. Punjab Information and Technology Board
13. Transport Department
14. School Education Department
15. Youth Affairs & Sports Department
16. Forestry, Wildlife and Fisheries Department
17. Local Government & Community Development Department
18. Technical Education and Vocational Training Authority

It is envisaged that the officers trained by WDD will be branded as Change Agents and engage in disseminating gender mainstreaming knowledge to other relevant stakeholders in their respective departments. These trainings will aid departments in planning, budgeting, and developing ADP schemes with specific attention to women concerning their empowerment, livelihood development, skill development, health facilities and services, and the overall well-being of women and men.









# VIOLENCE AGAINST WOMEN IN PUNJAB DURING COVID-19

Muhammad Taimoor Adil (Section Officer General)
Women Development Department

According to an article in the Dawn (dated 04 April 2020), Professor Emeritus from Aga Khan University Department of Psychiatry, Dr. Murad Moosa Khan, stated that the COVID-19 pandemic has resulted in poor mental health outcomes such as depression, post-traumatic disorders, and anxiety which will have unimaginable and enormous results. These mental health challenges will further contribute to decreased income, business losses, and unemployment.

The UN WOMEN (2020) report on violence against women and girls indicated a significant rise in IPV (Intimate Partner Violence or Violence among Spouses) during the pandemic. Loss of earnings or livelihoods of women restricted the access to basic needs, and women's abilities to escape from abusive situations.

The report highlighted that home confinement of women allows violent partners to utilize COVID-19 restrictions to further apply control and power over women. For this reason, more abuse cases were reported. Physical violence against domestic and healthcare workers has also increased. Harassment and xenophobia related to violence online and in public places are more dominant. The report further emphasized that women's accessibility to quality essential services, informal support networks, and psychological support is limited due to COVID-19 movement restrictions. Lock down restrictions made women more vulnerable to higher responsibility and spending more time with an abusive partner. In Pakistan, where most people earn daily wages, Covid created economic hurdles and caused behavioral and societal issues. Many females were sexually harassed, molested, killed and raped by attackers and criminals during the stressful period of Corona Lockdown.

In Pakistan, different forms of violence occurred during the last decade, such as rape, domestic violence, sexual harassment, acid throwing, and honor killing. The situation is unclear as to how many women face such issues and how these issues affected urban and rural women. There is a dire need to analyze different violence against women cases based on the consolidated data collected from different districts. That would also help assess the safety mechanisms and measures as per local needs, and civil society will be able to demand more support from different institutions as per women's needs.

During this Pandemic COVID-19 period, the studies shows that the violence against women has drastically increased in different areas. There is also a need to assess the actual situation and ground realities during the peak period of this pandemic, important health concerns and severe human rights violations during COVID-19, thus supporting the theoretical base of the present study.

Punjab is the largest province of Pakistan in terms of population and ranks first in reported cases of violence against women. Rural and urban areas in Punjab have shown a clear ascendancy in violence cases. In rural areas, honor killing cases were multiplied, and rape with minor girls surged in urban areas.

Punjab not only constitutes 57% of the reported cases but also ranks first in all forms of reported violence except for "honor killing" where Sindh is top on the list.

| District | Source | Murder | Rape | Suicide | Honor Killing | Acid Attack | Misce | Abducted | Total |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| **Lahore** | *Daily Jang Lahore* | 58 | 20 | 04 | 04 | 0 | 189 | 125 | 399 |
| **Nankana** | *DPO office* | 52 | 88 | 1 | 0 | 1 | 57 | 81 | 280 |
| **Faisalabad** | *Daily Business Report* | 40 | 16 | 1 | 4 | 4 | 17 | 9 | 91 |
| **Layyah** | *Layyah Today* | 09 | 16 | 11 | 1 | 2 | 6 | 7 | 52 |
| **Rawalpindi** | *Daily Jang* | 15 | 32 | 10 | 0 | 04 | 7 | 207 | 275 |
| **Sargodha** | *Al Ajlal* | 35 | 10 | 2 | 5 | 0 | 12 | 9 | 73 |
| **Jhang** | *Express News* | 09 | 04 | 5 | 0 | 2 | 20 | 4 | 44 |
| **Okara** | *Daily Jang* | 17 | 26 | 4 | 2 | 1 | 6 | 32 | 88 |
| **Total** | | **235** | **212** | **38** | **15** | **14** | **314** | **474** | **1302** |

Covid-19 created obduracy for people economically and made severe impacts on people's behavior. Restrictions during lockdown created frustration among breadwinners, thus creating social isolation and temper issues resulting in domestic violence.

The facts mentioned above are shocking as well as alarming. Violence against women is rampant in those spaces where it was not expected to occur in the previous decade. Recent torturous murders of women in upper-class and educated families in the name of honor depict the changing trends of violence in society. Need of the hour is to curtail those hands aiming towards an oppressive patriarchal society. That can be achieved by proper counseling and spreading awareness among the masses.

# Events of WomenDevelopment Department

Trainings conducted by Women Development Department under Gender Mainstreaming Program
























# CELEBRATION OF INTERNATIONAL WOMEN'S DAY ON 8th MARCH 2022




Women Development Department (WDD)- Punjab in collaboration with the United Nations Population Fund and Foreign Commonwealth and Development Office organized an event to commemorate the International Women's Day 2022 under the theme "Gender equality today for a sustainable tomorrow". Government officials, MPAs, CSO's, media, and youth representatives attended the event. Among other activities, panel discussions were held on important issues related to women.

- Dr. Rasheed Ahmed, Program Analyst Humanitarian-UNFPA, talked about the humanitarian emergencies along with the link between climate change and sexual reproductive health & rights.
- Sara Hayat, Lawyer and Climate Change Specialist, Pakistan, shared her insights on Climate Change and Gender responsive Plans and Policies.
- Prof. Dr. Tayyiba Wasim, Principal, Services Institute of medical Sciences, talked about the Women's Reproductive Health and Maternal and Neonatal Outcomes along with the impacts of Climate Change.
- Ms. Madiha Latif, Project Manager- Pathfinder, briefed the audience on Climate Change and Vulnerabilities of Adolescents girls to Child Marriage.
- Ms. Aisha Khan, Chief Executive, Civil Society Coalition for Climate Change, She highlighted the barriers to girl's education and solution to access in reference to Climate Change.




ional Women's Day 2022




International Women's Day 2022
Gender equality today for

# Gender Parity Report (2019-2020) Launch

To achieve accurate reporting on women's status and issues, the Women Development Department has created a Gender Management Information System under the Commission that will capture information on key indicators for women, including education, health, population, inheritance, employment, violence against women, implementation of Punjab women empowerment policy 2012 etc.

Women Development Department Punjab and Punjab Commission on the Status of Women has launched Punjab Gender Parity Report with the support of The United Nations Population Fund Pakistan. This report provides a foundation to make policies for empowering women through need-based demographic, health, economic, education and justice sector policies and measures.















# جینڈر پیریٹی رپورٹ کا افتتاح (2019-20)

خواتین کی حیثیت اور مسائل کے بارے میں درست معلومات حاصل کرنے کے لئے ، ادارہ ترقی خواتین نے کمیشن کے تحت ایک ''جینڈر مینجمنٹ سسٹم'' بنایا گیا۔ جو خواتین سے متعلق اہم معلومات فراہم کرے گا۔ جن میں تعلیم، صحت، آبادی، وراثت، ملازمت، خواتین کے خلاف تشدد، پنجاب میں خواتین کو بااختیار بنانے کی پالیسی 2012 وغیرہ اور ان پر عمل درآمد کو شامل کرنا ہے۔

ادارہ ترقی خواتین اور پنجاب کمیشن آن سٹیٹس آف ویمن نے اقوام متحدہ کے پاپولیشن فنڈ کے تعاون سے ''جینڈر پیریٹی رپورٹ'' کا آغاز کیا۔ یہ رپورٹ خواتین کو معاشی، تعلیمی، اور صحت، انصاف کے بارے میں بااختیار بنانے کیلئے پالیسیاں بنانے کے بارے میں بنیاد فراہم کرتی ہے۔


















ional Women's Day 2022




International Women's Day 2022
Gender equality today for

# خواتین کا عالمی دن (08 March 2022)




ادارہ ترقی خواتین نے اقوام متحدہ کے فنڈ برائے پاپولیشن ، کامن ویلتھ اینڈ ڈویلپمنٹ آفس کے تعاون سے خواتین کا عالمی دن 8 مارچ 2022 موقع پر ایک تقریب کا انعقاد کیا گیا جس کا عنوان ''آج کی صنفی مساوات کل کے لئے پائیدار'' تھا۔تقریب میں سرکاری آفسران، اراکین صوبائی اسمبلی، سی۔ایس۔اوز، میڈیا اور نوجوانون کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ دیگر سرگرمیوں کے علاوہ خواتین سے متعلق اہم مسائل پر ایک ''اجتماعی گفتگو'' کا انعقاد کیا گیا۔

- ڈاکٹر رشید احمد، تجزیہ کار UNFPA نے ماحولیاتی تبدیلی ،جنسی تولیدی صحت اور حقوق کے درمیان تعلق کے ساتھ انسانی ہنگامی صورتحال کے بارے میں بات کی۔
- سارہ حیات ، وکیل اور موسمیاتی تبدیلی کی ماہر، پاکستان نے موسمیاتی تبدیلی اور صنفی ردعمل کے منصوبوں اور پالیسیوں سے متعلق اپنے رائے کا اظہار کیا۔
- پروفیسر ڈاکٹر طیبہ وسیم، پرنسپل سروسز انسٹیٹیوٹ آف میڈیکل سائنسز نے موسمیاتی تبدیلی کے اثرات کے ساتھ ساتھ خواتین کی تولیدی صحت، زچگی اور نوزائیدہ نتائج کے بارے میں بات کی۔
- محترمہ مدیحہ لطیف، مینجر پاتھ فائینڈر نے سامعین کو موسمیاتی تبدیلی اور کم عمر میں لڑکیوں کی شادی کے خطرات سے آگاہ کیا۔
- محترمہ عائشہ خان، چیف ایگزیکٹو، سول سوسائٹی کولیشن فار کلائمیٹ چینج نے لڑکیوں کی تعلیم میں حائل رکاوٹوں اور موسمیاتی تبدیلی کے حوالے سے رسائی کے حل پر روشنی ڈالی۔










# Events of WomenDevelopment Department















پر تشدد واقعات میں پنجاب سہر فہرست ہے۔ رپورٹ ہونے والے واقعات میں سے 57 فیصد پنجاب میں ہوتے ہیں جبکہ "غیرت کے نام پر قتل" کے واقعات میں سندھ سرفہرست ہے۔

| ضلع | ذریعہ | قتل | عصمت دری | خودکشی | غیرت کے نام پر قتل | تیزاب پھینکنا | متفرق | آغواہ کرنا | کل تعداد |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| لاہور | روزنامہ جنگ، لاہور | 58 | 20 | 04 | 04 | 00 | 189 | 125 | 399 |
| ننکانہ صاحب | DPO آفس | 52 | 88 | 01 | 00 | 01 | 57 | 81 | 280 |
| فیصل آباد | رپورٹ | 40 | 16 | 01 | 04 | 04 | 17 | 09 | 91 |
| لیہ | لیہ ٹوڈے | 09 | 16 | 11 | 01 | 02 | 06 | 07 | 52 |
| راولپنڈی | روزنامہ جنگ | 15 | 32 | 10 | 00 | 04 | 07 | 207 | 275 |
| سرگودھا | روزنامہ ال اجلال | 35 | 10 | 02 | 05 | 00 | 12 | 09 | 73 |
| جھنگ | ایکسپریس نیوز | 09 | 04 | 05 | 00 | 02 | 20 | 04 | 44 |
| اوکاڑہ | روزنامہ جنگ | 17 | 16 | 04 | 02 | 01 | 06 | 32 | 88 |
| **کل تعداد** | | **235** | **212** | **38** | **15** | **14** | **314** | **474** | **1302** |

کرونا وباء نے معاشی طور پر لوگوں کے لئے مشکلات پیدا کیں اور لوگوں کے رویوں پر شدید اثرات مرتب کئے ہیں۔ لاک ڈاؤن کے دوران پابندیوں نے روزگار کے لئے مایوسی پیدا کی اور اسی طرح سماجی تنہائی اور مزاج کے مسائل پیدا ہوئے جس کے نتیجہ میں گھریلو تشدد میں اضافہ ہوا۔

مذکورہ حقائق چونکا دینے کے ساتھ ساتھ تشویشناک بھی ہے۔ خواتین پر تشدد ان جگہوں پر بہت زیادہ ہے جہاں پچھلی دہائی میں ان پر توجہ نہیں دی گئی تھی۔ غیرت کے نام پر اعلیٰ طبقے اور پڑھے لکھے گھرانوں میں خواتین کے حالیہ تشدد آمیز قتل معاشرے میں تشدد کے بدلتے ہوئے رجحانات کی عکاسی کرتے ہیں۔ وقت کا تقاضہ ہے کہ ان ہاتھوں کو روکا جائے جو ایک جابرانہ اور پدرشاہی معاشرے کی طرف گامزن ہیں۔ یہ مناسب مشاورت اور بیداری پھیلا کر حاصل کیا جا سکتا ہے۔

# کرونا کے دوران خواتین پر تشدد

محمد تیمور عادل سیکشن آفیسر (جنرل) ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ

روزنامہ ڈان کے ایک مضمون (مورخہ 14 پریل 2020) کے مطابق پروفیسر ایمریٹس، شعبہ نفسیات (آغا خاں یونیورسٹی)، ڈاکٹر مراد موسیٰ خاں کے مطابق کرونا جیسی وبائی مرض کی وجہ سے بہت سے ذہنی امراض مرتب ہوں گے۔ یہ ذہنی امراض کاروباری نقصانات، آمدن میں کمی اور بیروزگاری میں اضافے کا سبب بنیں گے۔

خواتین اور لڑکیوں کے خلاف تشدد سے متعلق اقوام متحدہ کی خواتین کی رپورٹ 2020 نے وبائی مرض کے دوران میاں بیوی کے درمیان تشدد میں نمایاں اضافہ کا اشارہ دیا ہے جس نے خواتین کے روزگار، گھریلو نقصانات اور ان کی بنیادی ضروریات تک رسائی کو محدود کر دیا اور خواتین کی صلاحیتوں کو نا قابل حد تک نقصان پہنچایا۔

رپورٹ میں اس بات پر بھی روشنی ڈالی گئی کہ کرونا کی پابندیوں کی آڑ میں خواتین پر ان کے شوہروں کی جانب سے تشدد کا نشانہ بنایا جاتا رہا۔ اسی وجہ سے بدسلوکی کے زیادہ واقعات کا اندراج ہوا۔ آن لائن اور عوامی مقامات پر تشدد سے متعلق ہراساں کرنا اور زینوفوبیا زیادہ غالب ہے۔ رپورٹ میں مزید اس بات پر زور دیا گیا کہ کرونا وبا کے دوران نقل و حرکت پر پابندیوں کی وجہ سے معیاری سروس اور نفسیاتی مدد تک خواتین کے رسائی محدود ہوگئی ہے۔ کرونا اور لاک ڈاؤن پابندیوں نے خواتین پر مزید ذمہ داریوں اور بدسلوکی کرنے والے ساتھی کے ساتھ زیادہ وقت گزارنے کو زیادہ خطرہ بنا دیا۔ پاکستان میں جہاں پر زیادہ تر لوگ یومیہ اجرت پر کام کرنے والوں کے لئے کرونا معاشی رکاوٹوں کے ساتھ ساتھ معاشرتی مسائل اور رویوں میں تبدیلی کا باعث بنا ہے۔ لاک ڈاؤن کے دوران خواتین پر جنسی ہراساں کرنے، قتل اور چھیڑ چھاڑ کے واقعات میں بھی خاطر خواہ اضافہ ہوا۔

پاکستان میں پچھلی دہائی کے دوران تشدد کی مختلف اقسام پیش آئیں مثلاً عصمت دری، گھریلو تشدد، جنسی ہراساں کرنا، تیزاب پھینکنا اور غیرت کے نام پر قتل۔ لیکن صورتحال ابھی تک واضح نہیں ہوسکی کہ کتنی تعداد میں خواتین کو ایسے مسائل کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور ان مسائل نے کس حد تک شہری اور دیہی خواتین کو متاثر کیا۔ مختلف اضلاع سے حاصل کیے گئے اعداد و شمار کی بنیاد پر خواتین کے خلاف تشدد کے مختلف واقعات کو پرکھنے کی اشد ضرورت ہے۔ اس سے مقامی ضروریات کے تحت حفاظتی طریقہ کار اور اقدامات کرنے میں بھی مدد ملے گی اور سول سوسائٹی خواتین کی ضروریات کے مطابق مختلف اداروں سے مزید تعاون کا مطالبہ کر سکیں گی۔

کرونا وباء کے دوران مختلف مطالعات سے پتہ چلا ہے کہ مختلف علاقوں میں خواتین پر تشدد کے واقعات میں تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ اس وبائی مرض کے عروج کے دوران اصل صورتحال اور زمینی حقائق کا بھی جائزہ لینے کی ضرورت ہے، جس سے صحت سے متعلق اور کرونا وباء کے دوران انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزیاں اس مطالعہ کی نظریاتی بنیاد کی تائید ہوگی۔

پنجاب آبادی کے لحاظ سے پاکستان کا سب سے بڑا صوبہ ہے اور تشدد کے واقعات میں سب سے پہلے نمبر پر ہے جبکہ دیہاتی اور شہری علاقوں میں تشدد کے واقعات میں بھی بڑی تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔ دیہی علاقوں میں غیرت کے نام پر قتل اور شہری علاقوں میں نابالغ لڑکیوں کے ساتھ عصمت دری کے واقعات میں بڑی تیزی سے اضافہ ہوا ہے۔

1. پنجاب سیف سٹی اتھارٹی
2. سپیشل ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ
3. پنجاب سوشل پروٹیکشن اتھارٹی
4. پنجاب ایمپلائزسوشل سیکیورٹی انسٹیٹیوٹ
5. ہائرایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ
6. سوشل ویلفیر اینڈ بیت المال ڈیپارٹمنٹ
7. ایگری کلچر ڈیپارٹمنٹ
8. پاپولیشن ویلفیر ڈیپارٹمنٹ
9. انڈسٹریز، کامرس اینڈ انویسٹمنٹ ڈیپارٹمنٹ
10. پرائمری اینڈ سیکنڈری ہیلتھ کیئر ڈیپارٹمنٹ
11. لائیوسٹاک اینڈ ڈیری ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ
12. پنجاب انفارمیشن ٹیکنالوجی بورڈ
13. ٹرانسپورٹ ڈیپارٹمنٹ
14. سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ
15. یوتھ افیئر اینڈ سپورٹس ڈیپارٹمنٹ
16. فارسٹری، وائلڈ لائف اینڈ فشریز ڈیپارٹمنٹ
17. لوکل گورنمنٹ اینڈ کمیونٹی ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ
18. ٹیکنیکل ایجوکیشن اینڈ ووکیشنل ٹریننگ اتھارٹی

یہ تصور کیا گیا ہے کہ محکمہ ترقی خواتین اس پروگرام کے تحت مختلف سرکاری افسران کی تربیت کرے گا جو مستقبل میں خواتین کی برابری کے حقوق کیلئے اپنا کردار ادا کر سکیں گے۔ مزید اس تربیتی پروگرام کے ذریعے خواتین کو با اختیار بنانے ، معاشی ترقی ، صحت کی سہولیات، خواتین اور مردوں کی مجموعی بہبود سے متعلق خصوصی توجہ کے ساتھ منصوبہ بندی، بجٹ سازی، سالانہ سکیموں کو تیار کرنے میں اپنے اپنے اداروں کی مدد کر سکیں گے۔






# جینڈر مین سٹریمنگ پروگرام 23-2021،
# محکمہ ترقی خواتین

مالی سال 22-2021 میں محکمہ ترقی خواتین نے جینڈر مین سٹریمنگ پروگرام کا آغاز کیا۔ جو کہ محکمہ کی سالانہ ترقیاتی سکیم ہے۔ جس کا مقصد خواتین کو با اختیار بنانے اور صنفی مساوات میں حصہ ڈالنے کے ساتھ ساتھ سیاسی شعبہ میں شمولیت بھی ہے۔ اس منصوبے کا بڑا مقصد پنجاب میں سرکاری اہلکاروں کی تربیت کے ذریعے ان کی صلاحیتوں میں اضافہ کرنا ہے۔ اس تربیتی پروگرام میں صنف کی بنیاد پر سالانہ منصوبہ سازی اور سالانہ بجٹ سازی مقصود ہے۔ اس ADP سکیم کے تحت تربیتی پروگرام نومبر 2021 میں شروع کیا گیا جو مالی سال جون 24-2023 تک جاری رہے گا۔

مالی سال 22-2021 میں درج ذیل محکموں کے منتخب شدہ نمائندگان نے ان تربیتی پروگرام میں شرکت کی۔



**میں دس لاکھ روپے جرمانہ اور قید ہو سکتی ہے۔"**

جنوری 2017 میں کیے گئے ایک سروے کے مطابق، جو کہ ایک غیر سرکاری تنظیم، AGHS لیگل ایڈ سیل کی ایک پریس ریلیز کے دوران اس بات کا انکشاف ہوا کہ 80 فیصد خواتین نے وراثت میں اپنا قانونی حصہ نہ ملنے کی اطلاع دی۔

پاکستان میں خواتین کے لیے جائیداد کے حقوق کے حصول کا رواج آئینی قانون کے دعوے کے باوجود سہل اور آسان نہیں ہے۔ ایسی صورتحال میں، پنجاب حکومت نے خواتین کے املاک کے حقوق کے تحفظ کے لئے ایک قدم آگے بڑھاتے ہوئے **"دی پنجاب انفورسمنٹ آف ویمنز پراپرٹی رائٹس ایکٹ 2021"** کو تشکیل دیا ہے۔ ایکٹ نے پنجاب انفورسمنٹ آف ویمنز رائٹس ان پراپرٹی آرڈیننس 2019 کو منسوخ کر دیا۔ یہ ایکٹ معاشرے میں خواتین کو واجب احترام فراہم کرتا ہے اور جائیدادوں کی ملکیت اور قبضے کے ان کے حقوق کی ضمانت دیتا ہے، اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ اس طرح کے حقوق جبر، دھوکہ دہی، من گھڑت طریقے سے پامال نہ ہوں۔ جعلسازی، اور دھوکہ دہی ۔ پنجاب انفورسمنٹ آف ویمنز پراپرٹی رائٹس ایکٹ، 2021 جائیداد میں خواتین کی ملکیت کے حقوق کے تحفظ اور اسے محفوظ بنانے کے لیے ایک موثر اور فوری ازالے کا طریقہ کار فراہم کرتا ہے۔

ایکٹ کے تحت، جس کسی بھی خاتون کو جائیداد کی ملکیت سے محروم کیا گیا ہے اور وہ اپنی جائیداد کے قبضے سے محروم ہے، پنجاب پروٹیکشن اینڈ ویمن ایٹ ورک پلیس ایکٹ 2010 کے سیکشن 7 کے تحت مقرر کردہ محتسب کو شکایت درج کرواسکتی ہے۔ محتسب کی جانب سے شکایت کی تفتیش، اور اگر مناسب سمجھا جائے گا تو معاملہ کو مزید تفتیش کے لیے متعلقہ ضلع کے ڈپٹی کمشنر کے پاس بھیج سکتے ہیں۔ ڈپٹی کمشنر سمری انکوائری کرے گا اور پندرہ (15) دنوں کے اندر رپورٹ خاتون محتسب کو پیش کرے گا۔ متعلقہ ڈپٹی کمشنر کی رپورٹ کے معائنہ کرنے اور ان کی انکوائری کے نتیجے پر پہنچنے کے بعد، محتسب شکایت کنندہ اور اس کے مخالفوں سے اعتراضات طلب کرے گی، اعتراضات دائر کرنے کے لیے وقت دے گا، اور ترجیحاً ساٹھ (60) دنوں کے اندر اندر سماعت مکمل کرے گی۔ کارروائی کے بعد، اگر خاتون محتسب کو لگتا ہے کہ خاتون کو غیر قانونی طور پر جائیداد سے محروم کیا گیا ہے، تو وہ ڈپٹی کمشنر کو کارروائی کرنے اور سات (07) دنوں کے اندر محتسب کے دفتر میں تعمیلی رپورٹ جمع کرانے کی ہدایت کرے گی۔ محتسب کسی بھی ریاستی عملے کو، بشمول متعلقہ ڈپٹی کمشنر، جہاں شکایت کنندہ کی جائیداد واقع ہے، کو حکم کے مطابق عمل کرنے کی ہدایت کر سکتی ہے۔ کوئی عدالت/ دیگر اتھارٹی خاتون محتسب کے حکم اور ایکٹ کی صداقت کو چیلنج نہیں کر سکتی۔ خاتون محتسب، اگر مناسب سمجھے تو، پولیس سٹیشن کے انچارج افسر کو مدد کے لیے ہدایت دے سکتی ہے جیسا کہ خواتین کے املاک کے حقوق سے متعلق احکامات پر عمل درآمد کے لیے ضروری ہو سکتا ہے۔

# پنجاب میں خواتین کی املاک کے حقوق کا نفاذ



ارض وطن پاکستان کے 1973 کے آئین کے آرٹیکل 23 کے مطابق:

**"ہر شہری کو آئین اور عوامی مفاد میں قانون کی طرف سے عائد کردہ کسی بھی معقول پابندیوں کے تابع پاکستان کے کسی بھی حصے میں جائیداد حاصل کرنے، رکھنے اور تصرف کرنے کا حق ہو گا۔"**

پاکستان، ایک اسلامی ملک ہونے کے ناطے، اسلامی وراثتی فقہ کی پیروی کرتا ہے۔ خاص طور پر وراثت کے معاملات کے بارے میں، شریعت کے مطابق قانونی ورثاء اور خون کے رشتوں کو ان کے مرنے کے بعد آباؤ اجداد کی جائیداد یا رشتہ دار سے وراثت کا حق حاصل ہے۔ قرآن مجید کی سورہ نساء کی چودھویں آیت میں وراثت میں حصہ کا تعین کرنے کا مناسب طریقہ کار بتایا گیا ہے۔ خواتین مخالف طرز عمل کی روک تھام ایکٹ 2011 کی دفعہ A-498 کے مطابق (فوجداری قانون میں ترمیم):

**"خواتین کو دھوکہ دھی یا غیر قانونی طریقوں سے وراثت کی جائیداد سے محروم کرنے پر قید کی سزا دی جائے گی جس کی مدت دس سال تک ہو سکتی ھے لیکن پانچ سال سے کم نھیں۔ سزا یافتہ شخص کو ایک ھی وقت**

# پنجاب ورکنگ ویمن انڈومنٹ فنڈ (PWWEF)
# سوسائٹی کے انتظامی ادارے کے 15 ویں اجلاس کی تصاویر







# پنجاب ورکنگ ویمن انڈ وومنٹ فنڈ سوسائٹی

(محمد شہزاد جی ایم ایس/ منیجر پی ڈبلیوڈبلیوای ایف سوسائٹی)

پنجاب ورکنگ ویمن انڈ وومنٹ فنڈ (PWWEF) سوسائٹی، جو حکومت پنجاب میں ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ (WDD) کے تحت ڈائریکٹوریٹ آف ویمن ڈویلپمنٹ کے ذریعہ قائم کی گئی تھی، 2016-09-28 کو "سوسائٹیز رجسٹریشن ایکٹ XXI آف "1860 کے تحت رجسٹرڈ ہوئی۔ سوسائٹی کو کام کرنے والی خواتین کی سہولت کے لیے کم از کم صحت عامہ اور حفاظت کے معیارات کے مطابق پرائیویٹ سیکٹر میں کام کرنے والے موجودہ ورکنگ ویمن ہاسٹلز (WWH) کی تحقیق اور ان کی فہرست بنانے کا کام سونپا گیا ہے۔ مینجمنٹ باڈی PWWEF سوسائٹی کے بارے میں فیصلوں کے حوالے سے مجاز فورم ہے۔ سوسائٹی کے مقاصد درج ذیل ہیں:

1۔ پنجاب کی خاص طور پر معذور خواتین سمیت شہری اور دیہی خواتین کی سماجی، اقتصادی اور مالی شمولیت پر توجہ مرکوز کرتے ہوئے مہارت کی ترقی کے لیے ایک طریقہ کار تیار کریں۔

2۔ سوسائٹی کے مقاصد اور افعال کو پورا کرنے کے لیے ضرورت کی بنیاد پر مطالعہ کی فنڈنگ۔

3۔ ضرورت کی بنیاد پر شہری اور دیہی خواتین کی تربیت اور ورکشاپ کا انعقاد۔

4۔ سوسائٹی سرکاری/نجی شعبے کی تنظیموں، اور غیر سرکاری تنظیموں کے ساتھ معاہدے کر سکتی ہے تاکہ نئے یا جاری منصوبوں کے لیے " کو-فنانس کی بنیاد پر " ضروری مدد فراہم کی جا سکے۔

5۔ WDD کے لئے نئے اور موجودہ WWHs کی تعمیر اور اپ گریڈیشن کے لیے مکمل یا جزوی طور پر فنڈنگ۔

6۔ WWHs کے لئے نگرانی کے طریقہ کار کو سپانسر کرنا۔

ابھی تک پنجاب میں ڈائریکٹوریٹ آف ویمن ڈویلپمنٹ کے 16 ورکنگ ویمن ہاسٹلز کے لیے ناپید سہولیات کی فراہمی کے لیے 1.6 ملین روپے خرچ کئے ہیں۔ PWWEF سوسائٹی کا مقصد پنجاب میں رہنے والی خواتین کی معاشی اور سماجی بہتری کے لیے کچھ نمایاں، قابل قدر اقدامات شروع کرنا ہے۔ PWWEF سوسائٹی پنجاب میں متعلقہ ہنر مندی کے فروغ کے اداروں کے ساتھ مل کر خواتین کی سماجی و اقتصادی ترقی کے لیے تربیت کا انعقاد کرے گی۔

مدد سے روزانہ، ہفتہ وار اور ماہانہ بنیادوں پر 154 مزاروں پر لنگر کا انتظام کیا گیا ہے۔

**سوال: آپ کی نظر میں محکمہ کے اہم مسائل اور ان کا حل کیا ہے؟**

**جواب:** محکمہ اوقاف و مذہبی امور کو بہت سے مسائل کا سامنا ہے جو زائرین کی ترقی/سروسز کی فراہمی میں بنیادی رکاوٹ ہیں۔ کچھ مسائل یہ ہیں:

الف) دربار حضرت شاہ صادق نہنگ شورکوٹ سے منسلک 6320 ایکڑ زرعی اراضی کی بازیافت۔

ب) دربار حضرت سخی سرور رحمۃ اللہ علیہ، ڈی جی خان سے منسلک 3200 ایکڑ اراضی کی حد بندی۔

ج) تجارتی صلاحیت رکھنے والی اوقاف کی زمینوں کو لیز پر دینے کے لیے کمرشل پالیسی کی تشکیل۔

**مسائل کے باوجود محکمہ اوقاف و مذہبی امور کی کامیابیاں مندرجہ ذیل ہیں:**

i) اوقاف اراضی کے پہلے مستند/تصدیق شدہ ریکارڈ کو ڈائریکٹری کی شکل میں شائع کرنا۔

ii) مروجہ مارکیٹ ریٹ پر کرایہ کا تعین اور اس کا نفاذ۔

iii) اینٹی کرپشن اسٹیبلشمنٹ کے تعاون سے اوقاف کی 2700 ایکڑ اراضی کی بازیابی۔

iv) زرعی اراضی کی لیز مروجہ رقبہ کی شرح پر متعلقہ ڈی سی کی طرف سے تشخیص۔

v) منصوبے کا آغاز "اوقاف پراپرٹیز کی جیومیپنگ کے ذریعے اثاثہ جات کا انتظام۔"

vi) پنجاب میں واقع ہر وقف املاک کی رجسٹریشن کے لیے "پنجاب وقف پراپرٹیز (رجسٹریشن) رولز "2020 کی تشکیل۔

محکمہ اوقاف و مذہبی امور کی جانب سے داتا دربار ہسپتال لاہور میں گائنی، ڈینٹل، آئی اور پیتھالوجیکل لیب کی طبی سہولیات حضرت داتا گنج بخش رحمۃ اللہ علیہ کے مزار کے قریب واقع علاقے کے غریب اور نادار لوگوں کو فراہم کی جا رہی ہیں۔

پنجاب اوقاف آرگنائزیشن اور محکمہ اوقاف و مذہبی امور، حکومت کی طرف سے مزارات/مسجدوں کی تعمیر اور تزئین و آرائش کی بہت سی ترقیاتی سکیمیں چل رہی ہیں۔ پنجاب کے مالی سال 2021-22 کے لیے، بشمول بی بی پاک دامن لاہور کے مزار کی اپ گریڈیشن اور ترقی، مزار حضرت بابا فرید الدین پاکپتن شریف میں زائرین کے لیے سہولیات کی فراہمی، تحفظ/بحالی مزار حضرت نولکھ ہزاری شاہ کوٹ، ضلع ننکانہ صاحب، مزار حضرت محمد پناہ کمیر، ساہیوال وغیرہ کی تکمیل۔

ہیں۔حضرت بابا فریدالدین گنج شکر رحمۃ اللہ علیہ کے مزار پر پناہ گاہ (شیلٹر ہوم)، زائرین کے لیے قائم کیا گیا ہے۔16 ڈسپنسریوں کے ذریعے بڑے مزاروں پر ابتدائی طبی امداد کی سہولت بھی فراہم کی گئی ہے۔

**سوال: صنفی مساوات اور خواتین کو با اختیار بنانے میں محکمے کا کیا کردار ہے؟**

**جواب:** وزیر اعظم کے وژن کے مطابق اوقاف آرگنائزیشن میں صنفی عدم مساوات نہیں ہے۔تاہم خواتین عملے کو مساوی حقوق فراہم کیے گئے ہیں۔

**سوال: صنف نسواں کو مرکزی دھارے میں لانے کا کام کراس کٹنگ ہے۔محکمہ سے کیسے درخواست کی جاسکتی ہے کہ وہ مذہبی اسکالرز کو صنفی مرکزی دھارے میں لانے کے حوالے سے کچھ عملی اقدامات کرنے کے لیے اپنا اہم کردار ادا کریں۔**

**جواب:** علمائے کرام/امام خطبہ کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ جمعہ کی نماز سے قبل،عوام الناس کو تعلیم دینے کے لیے اسلام میں خواتین کے حقوق کے حوالے سے خطبہ دیں۔

**سوال: آپ کے خیال میں متعلقہ محکمے کو غریبوں اور ناداروں کو فنڈز اور عطیات کے ذریعے کھانا فراہم کرنے کے لیے کوئی مخصوص اقدام کرنا چاہیے؟**

**جواب:** بڑے مزاروں پر، محکمہ اوقاف اور مذہبی امور اپنے مالی وسائل سے لنگر فراہم کر رہا ہے۔امیر/عطیہ دہندگان کی



اس ملاقات کی تفصیلات درج ذیل ہیں:

**سوال: محکمہ اوقاف اور مذہبی امور کی جانب سے خواتین کے درجات کو بلند کرنے اور آنے والے منصوبوں کے بارے میں اپ ڈیٹ فراہم کرنے کے لیے کون سے بڑے اقدامات کیے گئے ہیں؟**

**جواب:** محکمہ اوقاف و مذہبی امور نے اسلام کی تعلیمات، وزیر اعظم کے وژن اور حکومت کی جانب سے موصول ہونے والی ہدایات کی روشنی میں خواتین کی حیثیت کو بلند کرنے کے لیے بہت سے اقدامات کیے ہیں۔ مثلاً:

- ڈے کیئر سنٹر کا قیام۔
- بھرتی کے عمل میں خواتین کے لئے 15 فیصد کوٹہ کا نفاذ۔
- کمیٹیوں میں خواتین کی 33 فیصد شرکت۔
- خواتین عملے کے لیے علیحدہ واش روم۔

**سوال: محکمہ اوقاف و مذہبی امور کی نگرانی میں کتنے ادارے چل رہے ہیں اور ان کے کام کیا ہیں؟**

**جواب:** پنجاب اوقاف آرگنائزیشن، پنجاب قرآن بورڈ، پنجاب انسٹی ٹیوٹ آف قرآن اینڈ سیرت اسٹڈیز، اور متحدہ علماء بورڈ محکمہ اوقاف و مذہبی امور کی نگرانی میں چل رہے ہیں۔

محکمہ اوقاف و مذہبی امور کے تحت مزارات و مساجد/ مدارس اور امام بارگاہوں کا کنٹرول، انتظام و انصرام پنجاب اوقاف آرگنائزیشن کر رہا ہے۔

پنجاب قرآن بورڈ ایک ایسا ادارہ ہے جو بغیر غلطیوں کے قرآن پاک کی طباعت کا انتظام کرتا ہے۔ مزید برآں قرآنی اشاعت کے کام کے لیے پبلشرز کو NOC جاری کیا جاتا ہے۔

متحدہ علماء بورڈ اسلام کے مختلف فرقوں کے درمیان بین المذاہب ہم آہنگی کے لیے کام کر رہا ہے۔ محرم کے مہینے میں علمائے کرام مسلمانوں کے درمیان کسی بھی ناخوشگوار واقعے سے بچنے کے لیے پنجاب بھر کا دورہ کرتے ہیں۔

**سوال: مساجد اور مزارات میں کیا سہولیات فراہم کی جارہی ہیں اور کیا خواتین کے لیے کوئی خاص سہولیات موجود ہیں؟**

**جواب:** محکمہ اوقاف و مذہبی امور اپنے مالی وسائل میں نمازیوں اور زائرین کو سہولیات فراہم کرنے کی پوری کوشش کر رہا ہے۔ مساجد اور مزارات کو برقی روشنی فراہم کی گئی ہے۔ محکمہ اوقاف اور مذہبی امور نے پینے کا صاف پانی، وضو کے مقامات (مزارات پر مردوں اور عورتوں کے لیے الگ الگ) فراہم کیا ہے۔ مزارات پر خواتین زائرین کے لیے الگ بیٹھنے کی جگہ مختص کی گئی ہے۔ زائرین کی فول پروف سیکیورٹی کے لیے مرد اور خواتین سیکیورٹی گارڈز تعینات کیے گئے

# انٹرویو سیکرٹری اوقاف و مذہبی امور

ڈاکٹر احمد افنان



محکمہ اوقاف و مذہبی امور 1959 میں قائم ہونے والا ایک خود مختار محکمہ ہے۔ محکمہ 546 مزارات، 437 مساجد اور 74,964 ایکڑ کل وقف اراضی کا انتظام و انصرام کرتا ہے۔ محکمہ اوقاف پنجاب میں مذہبی ہم آہنگی اور کو برقرار رکھنے کا ذمہ دار ہے۔ اس محکمے کا انتظامی سربراہ، سیکرٹری اوقاف و مذہبی امور ہے۔

سابق سیکرٹری ڈاکٹر احمد افنان کا انٹرویو 21-12-2021 کو لیا گیا۔ ان کا تعلق پرونشل مینجمنٹ سروس سے ہے۔ انہیں اوقاف اور مذہبی امور کا اضافی چارج سونپا گیا تھا۔ ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ کے وفد نے اس وقت کے سیکرٹری اوقاف و مذہبی امور سے ان کے دفتر میں ملاقات کی اور ان کا انٹرویو کیا۔ انہوں نے ٹیم کو خواتین کی فلاح و بہبود کے لیے محکمہ کی جانب سے کیے گئے اقدامات سے آگاہ کیا۔

# ایڈیٹر کا پیغام

میں خواتین کے ڈیجیٹل میگزین کا ساتواں ایڈیشن شائع کرنے پر اپنی پر جوش ٹیم کو مبارکباد دینا چاہوں گی۔ یہ رسالہ پنجاب میں خواتین کی ترقی کے لیے قابلِ قدر معلومات فراہم کرتا ہے۔ یہ ایڈیشن خواتین کو بااختیار بنانے اور زندگی کے تمام پہلوؤں میں صنفی بنیاد پر امتیازی سلوک کو ختم کرنے کے لیے مختلف سرکاری محکموں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز کی جانب سے خواتین کے لیے کیے گئے مختلف اقدامات پر توجہ مرکوز کرتا ہے۔

خواتین کی ترقی کے لیے معاون ماحول پیدا کرنا ایک متحرک اور آگے بڑھتے ہوئے معاشرے کے لیے ناگزیر ہے، جہاں خواتین اپنی صلاحیتوں کا مظاہرہ کر سکیں اور اپنے حقوق کا تحفظ کر سکیں۔ اس سلسلے میں محکمہ ترقی خواتین، عورتوں کے حقوق اور صنفی بنیاد پر تشدد کے مسائل کو حل کرنے میں اہم کردار ادا کرتا ہے۔ محکمہ ان مختلف قومی اور بین الاقوامی تنظیموں/ غیر سرکاری تنظیموں کے ساتھ رابطہ قائم کر کے مجموعی سطح پر خواتین کو بااختیار بنانے کی کوششیں کر رہا ہے جو صوبے بھر میں خواتین کی ترقی کے لیے کام کر رہی ہیں۔ مزید برآں، محکمہ، خواتین کی ترقی اور صنفی مرکزی دھارے میں شامل ہونے کے مقصد کو آگے بڑھانے کے لیے غیر سرکاری تنظیموں اور دیگر اسٹیک ہولڈرز سمیت سول سوسائٹی کی ترقی کے لیے بھرپور حوصلہ افزائی کرتا ہے۔ اس ڈیجیٹل میگزین کے ساتویں ایڈیشن میں خواتین کی خودمختاری کے لیے مختلف اداروں کی مشترکہ کوششوں کو پیش کیا گیا ہے۔

آخر میں، میں یہ کہنا چاہوں گی کہ میرا محکمہ، ترقی خواتین کی حیثیت کو بلند کرنے کے لیے تمام محکموں اور ایجنسیوں کی مدد اور سہولت فراہم کرنے کے لیے ہمیشہ تیار ہے۔ ہم اس ڈیجیٹل میگزین کے معیار اور افادیت کو بہتر بنانے کے لیے موثر آراء کے منتظر ہیں۔

**کوکب نذیر**
ایڈیشنل سیکرٹری
محکمہ ترقی نسواں حکومت پنجاب

# پیش لفظ



سمیرا صمد
سیکرٹری
محکمہ ترقی نسواں حکومت پنجاب

ڈیجیٹل میگزین کے ساتویں ایڈیشن میں محکمہ ترقی نسواں اور دیگر محکموں کی جانب سے پنجاب کی خواتین کی بہتری کے لیے کیے گئے قابل قدر اقدامات پر سیر حاصل روشنی ڈالی گئی ہے۔

یہ میگزین حکومت پنجاب کے خواتین کے لیے اقدامات کے بارے میں خواتین میں شعور پیدا کرنے کا ایک ذریعہ ہے۔ یہ قارئین کو پنجاب کی خواتین کی سماجی اور معاشی ترقی کے لیے حکومت کی طرف سے اٹھائے گئے اقدامات کے بارے میں آگاہ کرتا ہے۔

اس شمارے میں حکومت پنجاب کی جانب سے خواتین کے حقوق کے تحفظ کے لیے کی گئی سنجیدہ کوششوں کو اجاگر کیا گیا ہے۔ اس میں خواتین کی سماجی اور معاشی جستجو پر مفید معلومات فراہم کی گئی ہیں۔

یہ ایڈیشن صنف نازک کو مرکزی دھارے میں لانے، منصوبہ بندی، بجٹ سازی کے بارے میں مختلف محکموں کی تربیت کا ایک مختصر بیان پیش کرتا ہے، پنجاب جینڈر پیریٹی رپورٹ (2019-20) کا اجراء بھی اس میں شامل ہے۔

"عورت با اختیار" ایک ایسا رسالہ ہے جو زندگی کے تمام شعبوں میں خواتین کی بہتری کے لیے جدوجہد کے لیے وقف کیا گیا ہے۔ اس میگزین کے ذریعے، شعبہ صنفی مساوات اور خواتین کو بااختیار بنانے کی کوشش کی گئی ہے۔

# فہرست مضامین


1۔ پیغام سیکرٹری ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ

2۔ ایڈیٹر کا پیغام

3۔ سیکرٹری محکمہ اوقاف، زکوٰۃ وعشر کا انٹرویو

4۔ پنجاب ورکنگ ویمن انڈومنٹ فنڈ (PWWEF) سوسائٹی

5۔ پنجاب میں خواتین کی املاک کے حقوق کا نفاذ

6۔ محکمہ ترقی خواتین میں جینڈر مین اسٹریمنگ پروگرام (2021-22)

7۔ کورونا کے دوران پنجاب میں خواتین پر تشدد

8۔ محکمہ ترقی خواتین۔ چند تصویری جھلکیاں

9۔ جینڈر پیریٹی رپورٹ

ویمن ڈویلپمنٹ ڈیپارٹمنٹ

# عورت با اختیار

شمارہ نمبر 07




## پاکستان میں خواتین کا پہلا ڈیجیٹل میگزین

www.wdd.punjab.gov.pk